سوال

(97) صحن کی ٹائل پر پیغمبر کا نام "محمد" (ﷺ)

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مسجد کے صحن میں ایک ٹائل پر لفظ "محمد" لکھا ہوا ہے۔ مسجد کی انتظامیہ نے اُس کے گرد رکاوٹ لگا کر محفوظ کر رکھا ہے تاکہ بے ادبی نہ ہو لیکن نماز کی صف ٹوٹ جاتی ہے۔ اہل مسجد کا یہ عمل کیسا ہے اور اس کا صحیح حل کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لفظ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مسجد کے صحن میں لگانا ہی بے ادبی ہے۔ اسے کسی مناسب اور اونچی جگہ منتقل کیا جائے تاکہ بے ادبی بھی نہ ہو نیز صفوں میں خلل بھی واقع نہ ہو۔ کیونکہ صفوں کو برابر اور پورا کرنا نماز کا حصہ ہے۔ (جواز زیر پروفیسر عنایت اللہ مدنی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

رسالت اور سیرۃ النبی ﷺ، صفحہ: 267

محدث فتویٰ